Principles of Economics - ICom Part 1 Principles of Economics Chapter 3 Short Questions Preparation

Q1. رسد اور ذخیرہ میں فرق بتآئیں.

Ans 1: کسی ایک وقت کسی شے کی وہ کل مقدار جو منڈی میں فروخت کاروں کے پاس موجود ہوتی ہے اسے ذخیرہ کہتےہیں.

Ans 2: رسد سے مراد ذخیرہ کا وہ حصہ ہے جسے فروخت کار ایک مخصوص قیمت پر فروخت کرنے کےلیے پیش کرتے ہیں. مثلا اگر کسی وقت منڈی مہں فروخت کاروں کےپاس چینی کی کل 500 ٹن مقدار موجود ہو تہ اسے ذخیرہ کہتے ہیں. اگر 10 روپے فی کلو گرام قیمت پر وہ اس کل مقدار میں سے 300 تن چینی فروخت کرنے کے لیے پیش کردیں تو رسد کہلائے گا.

Q2. مرکب رسد سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اگر کوئی شے مختلف زرائع سے حاصل ہوتی ہو تو اس کی رس ان تمام زرائع سے حاصل ہونے والی مقدار کا مجموعہ ہوتی ہے. جسے مرکب رسد کہتے ہیں مثلا دودھ ، بھینس ، گائے اور بکری سے حاصل ہوتا ہے.

Q3. متقاطع لچک کی تعریف کریں.

Ans 1: اگر کسی ایک شے کی قیمت تبدیل ہونے پر طلب کسی دوسری شے کی تبدیل ہو جائے جبکہ دوسری شے کی اپنی قیمت برقرار رہے مثلا وائی شے کی قیمت تبدیل ہونے پر ایکس شے کی طلب تبدیل ہوجائے تو اسے طلب کی متقا طع کہتے ہیں.

Q4. مشترکہ رسد سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایسی اشیاء کی رسد ہے جو اکٹھی پیدا ہوتی ہے مثلا روٹی اور گندم اور بوسہ.

Q5. قلیل مدت قیمت سے کیا مراد ہے

Ans 1: اس سے مراد ہے کے دوران طلب و رسد کے باہمی توازن سے جو قیمت مقرر ہوتی ہے اسے قلیل مدت قیمت کہتے ہیں.

Q6. طلب کی لامحدود لچک یا مکمل طور پر لچکدار طلب سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اگر کوئی شے کی نوعیت ایسی ہو کہ قیمت میں انتہائی معمولی اضافہ ہونے سے اس کی طلب صفر ہوجائے اور قیمت میں انتہائی معمولی کی طلب میں لامحدود اضافہ کا سبب بنے تو طلب کی لچک لامحدود کہلاتی ہے. طلب کی لامحدو لچک کا خط افقی ہوتا ہے یعنی وہ ایکس خط کے متوازی.

Q7. قانون طلب کا اطلاق کن اشیاء پر نہیں ہوتا.

Ans 1: باعث امتیاز اشیاء

Ans 2: نایاب اشیاء

Ans 3: ضروریات زندگی کی اشیاء

Ans 4: گھٹیا اشیاء

Q8. رسد کی لچک کی اکائی سے کم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ہر قیمت میں تبدیلی کی نسبت رسد میں کم شرح سے تبدیلی واقع ہو تو رسد کی لچک اکائی سے کم کہلاتی ہے.

Q9. عرصہ وقت کے اعتبار سے متوازن قیمت کی کون سی صورتیں ہیں.

Ans 1: بازاری قیمت

Ans 2: قلیل مدت قیمت

Ans 3: طویل مدت قیمت

Q10. طویل مدت قیمت سے کیا مراد ہے

Ans 1: طویل مدت کے دوران طلب و رسد کے باہمی توازن سے جو قیمت مقرر ہوتی ہےاسے طویل مدت قیمت کہتے ہیں.